1

- Open book test except word to word - Use only pencil
- Don't details until it's required
- Please return envelope with stamp
- Please print your test double sided

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# تعلیم القرآن

جز نمبر 27

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دو ہفتے | مدت امتحان | 50 | کل نمبر | | تاریخ |
| Shahina Rashid<br>12 Longview Rd<br>Edison NJ 08820 | واپسی کا پتہ | | حال کردہ نمبر | | نام |

سوال نمبر- 1 (a) اس دعا کا اردو ترجمہ لکھیں سورہ الذاریات 55,56 سورہ القمر 10,11 سورہ الرحمٰن 1-3,77 سورہ واقعہ 8-12

وَذَكِّرْ فَإِنَّ ٱلذِّكْرَىٰ تَنفَعُ ٱلْمُؤْمِنِينَ (55) وَمَا خَلَقْتُ ٱلْجِنَّ وَٱلْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ (56)

فَدَعَا رَبَّهُۥٓ أَنِّى مَغْلُوبٌ فَٱنتَصِرْ (10) فَفَتَحْنَآ أَبْوَٰبَ ٱلسَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ (11)

ٱلرَّحْمَٰنُ (1) عَلَّمَ ٱلْقُرْءَانَ (2) خَلَقَ ٱلْإِنسَٰنَ (3) فَبِأَىِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (77)

فَأَصْحَٰبُ ٱلْمَيْمَنَةِ مَآ أَصْحَٰبُ ٱلْمَيْمَنَةِ (8) وَأَصْحَٰبُ ٱلْمَشْـَٔمَةِ مَآ أَصْحَٰبُ ٱلْمَشْـَٔمَةِ (9)

وَٱلسَّٰبِقُونَ ٱلسَّٰبِقُونَ (10) أُوْلَٰٓئِكَ ٱلْمُقَرَّبُونَ (11) فِى جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ (12)

(b) تفصیلی معنیٰ (لفظ کو بیان کرنا ہے مثالیں نہیں دینی) تفصیل سے معنیٰ بتائیں کہ لفظ کیا تھا اور کہاں استعمال ہوا اور پھر قرآن میں کیسے استعمال ہوا۔

1. مُسْتَقِرّ (جاری رہنے والا) سورہ القمر 2

2. مَرَجَ (چھوڑ دینا) سورہ الرحمٰن 19

3. مُدۡھِنُوۡنَ (انکار کرنے والے ہو، معمولی سمجھنے والے ہو) سورہ واقعہ 18

4. تَرَبَّصۡتُمۡ (موقع پریس کی تم نے) سورہ الحدید 14

سوال-2 مختصر جواب دیں۔ (جواب طویل ہونے کی صورت میں نمبر کاٹیں گے۔

(please to the point) ہر سوال ایک نمبر کا ہے ۔ سوائے11,16,26,27

سورۃ الذّٰریٰت

-1 جن لوگوں کے لئے جنت کے باغوں کی خوشخبریاں ہیں، وہ کن بنیادوں پر ھیں؟ 16-19

-2 اللّٰہ تعالیٰ رزق کی تقسیم کےساتھ غیب کے وعدے کیوں یاد دلا رہے ہیں؟ 22

-3 حق کو بولنے سے کیوں تشبیہ دی جا رہی ہے؟ 23

-4 آیت 23 میں بولنے کی طرف متوجہ کرایا گیاتو کون سا بولا ہوا ہمارے کام آئے گا؟ 23

-5 آیت نمبر 46-24 تک پیغمبروں کے واقعات بیان کئے ہیں، ان میں سبق کیا ہے۔ ایک مشترکہ سبق بتائیں؟ 24-46

-6 اللّٰہ تعالیٰ کی طرف بھاگ دوڑ میں کیا کچھ رکاوٹ ہے، دوڑنا کس چیز 50
کی علامت ہے؟

## سورۃ طور

-7 آیت نمبر 12 سے بتائیں وہ دن (آخرت کا) کن لوگوں کے لئے 12
تباہی کا ہوگا؟

-8 اہل جنت پر احسان کیا جائیگا اور ان کی اولاد کے درجے بلند کئے جائیں
گے۔ حدیث سے بتائیں مرنے کے بعد کون سے اعمال فائدہ مند ہوں گے؟ 21

9- اہل جنت ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر دنیا کے حالات کے بارے میں کیا پوچھیں گے؟ 25

10- اہل جنت کی گفتگو میں سبق کیا ہے؟ 26

11- اہل جنت دنیا میں اپنے رب کا کیسے شعور رکھتے تھے، ( رب کا کیسے تعرف تھا آیت سے بیان کریں) ؟ 28
2/

12- آیت نمبر 35 میں سوال کیوں کیا گیا کہ، " کیا وہ کسی خالق کے بغیر پیدا ہو گئے ہیں؟ 35

13- آیت نمبر 47 سے بتائیں کے اکثریت کیا نہیں جانتی؟ 47

14- آیت نمبر 17 میں اللّٰہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی جس خوبی کا ذکر کیا ہے، 17
اس کے ذریعے ہمیں کیا سبق دیا جا رہا ہے؟

15- واقع معراج اور سفر معراج کی تفصیلات کے ذریع اللّٰہ تعالیٰ کو ہم سے کیا 18
مطلوب ہے یا اسکی اہمیت کی وجہ کیا ہے؟

16a- اللّٰہ تعالی نے اس آیت میں بتوں کی حقیقت کو کیسے واضح کیا ہے؟ 23
2/

b- میری اور آپ کی زندگی کے بت کون کون سے ہیں؟ 23

17- اعمال کی خرابیوں کا اصل سر چشمہ کیا ہے، آیت کی روء سے بتائیں؟ 27

## سورة النجم

31 -18 اللّٰہ تعالیٰ نے زمین اور آسمان پر اپنے اختیارات کی بات کی ہے، اسکی حکمت واضح کریں؟

33 -19 آیت نمبر 33 کی روء سے منہ موڑنے والے کون ہیں؟

35 -20 اللّٰہ تعالیٰ کس بات پر پوچھ رہے ہیں کہ کیا اسکے پاس غیب کا علم ہےجو وہ دیکھ رہا ہے؟

41,42 -21 اللّٰہ تعالی کے پاس لوٹے جانے کا تصور انسان کو کیا دیتا ہے؟

47 -22 دوسری زندگی کے لئے کیا دلیل ہے؟

## سورۃ النجم

61 23- انسان کس چیز سے غافل ہےجوا للّٰہ تعالیٰ تعجب کر رہے ہیں؟

---

## سورۃ القمر

2 24- انسان معجزات کوکب جھٹلاتا ہے؟

8 25- غافل انسان اس دن (جزا کے دن) کیا پکارے گا؟

26- کیوں سورۃ القمر میں ہر پیغمبر کے قصے کے بعد اللّٰہ تعالیٰ فرماتے ہیں، " اور بلا شبہ یقینا ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا تو کیا ہے کوئ نصیحت قبول کرنے والا "۔

2/

---

## سورۃ الرّحمٰن

6/

27- مندرجہ ذیل جملوں کو صحیح لفظ کے ساتھ مکمل کرئیے۔
آیت نمبر 8,9,10,11, پیچھے سے آیت کو جوڑنا ہے۔ کس نعمت کا ذکر ہے؟ (1-7)

(1) اللّٰہ کی نعمت انسان کو__________ پر ابھارتی ہے۔ عبادت, تکبر, عاجزی

(2) اللّٰہ کی سب سے بڑی رحمت اس نے__________دیا۔ دین، ایمان، قرآن

(3) تعلیم کے بعد __________ سکھایا۔ عمل کرنا، بولنا، وعدہ کرنا

(4) میزان سکھاتا ہے__________۔ مساوات، عدل، توازن

(5) عدل کا فائدہ ________ ہے۔ انصاف، برابری، سکون

(6) انسانوں کو ____ طرح کی نعمتیں ملی ہیں۔ 2,4,3

(7) انسان کی تعلیم کا ذریعہ ______ بھی ہے۔ تجربات، قرآن، کائنات

(8) ________ بھی ایک نعمت ہے۔ موت، ذندگی، علم۔ آیت نمبر28

(9) ____________بھی ایک نعمت ہے۔ دوزخ سے بچنا، اللّٰہ کے آگے جھکنے سے، قرآن سننا آیت نمبر36

(10) __________بھی ایک نعمت ہے۔ انصاف قائم ہونا۔ نائمہ اعمال، جرموں کا انجام

(11) ___________بھی ایک نعمت ہے۔ آیت نمبر42

جنتوں کی نعمتوں کو جاننا سکون سے بیٹھنا، اندر باہر سے خالص ہونے کےلیے کوشش کرنا۔ آیت نمبر55

(12) دو باغ کیوں ملیں گے؟ ______________۔گناہوں کے بعد نیکی، درجات کی بلندی، اطاعت گزاری

28- اتنا کچھ ملنے پر میرا شکر کس چیز پر زیادہ ہے (عملی طور پر)

29- احسان کا بدلہ احسان کیا ہے؟ آیت نمبر60

---

## سورۃ وقعہ

30- پستی کی طرف لے جانے والےاعمال کونسے ہیں؟ آیت نمبر3

31- آیت 12 میں لوگوں کے کتنے گروہ بتائے گئے ہیں؟ تعداد اور قسمیں دونوں بتائیں۔ آیت نمبر12